I CAN
helps children
communicate
REGISTERED CHARITY 210031

Supported by
openreach
a BT Group business
BT

# مل کر بات کریں

## نوزائیدہ اور چھوٹے بچوں کی بولنے کے فن میں مدد کرنا



# بات کرنا سیکھنا

باتیں کرنا، دوسروں کو سمجھنا اور یہ جاننا کہ کیا کہنا ہے درحقیقت اہم فن ہیں۔ یہ بچوں کو دوست بنانے، سیکھنے کے عمل اور زندگی کا بھرپور مزہ لینے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

بچے کی ہو ہاں میں باتیں کرنا ایک کرشمہ لگتا ہے، یہ ممکن بنانے میں ممکن بنانے کے لیے آپ کے بچے کو آپ کی مدد درکار ہے۔ اس لیفلٹ میں دی گئی تفصیلات اور ہدایات مددگار ہوسکتی ہیں۔ اپنی گھریلو زبان میں باتیں شروع کرنا بہترین آغاز کے لیے اہم ہے۔

## نوزائیدہ

بچے پیدائش ہی سے ہم سے باتیں کرنا شروع کردیتے ہیں۔ ان کا رونا ہمیں بتا دیتا ہے کہ وہ بھوکے ہیں یا سکون میں نہیں ہیں۔ جب ہم باتیں کررہے ہوتے ہیں تو وہ مسکراتے ہیں اور ہمیں دیکھتے ہیں۔ جب ہم ان سے باتیں کرتے ہیں تو ہمارے کہے ہوئے آسان الفاظ ان کو سمجھ آنا شروع ہوجاتے ہیں۔

نوزائیدہ بچوں کو اپنی بولی میں آوازوں سے کھیلنا اچھا لگتا ہے ان کا پہلا لفظ 12–18 ماہ کی عمر میں ادا ہوتا ہے۔ ان کے الفاظ ممکن ہے بالغوں جیسے نہ ہوں مگر جب آپ انھیں سنتے جائیں تو سمجھنا شروع کر دیتے ہیں۔

## چلنے کی عمر والا بچہ

جیسے ہی چلنے والی عمر کے بچے بڑھنا شروع کرتے ہیں ان کے الفاظ کی ادائیگی اور سمجھ میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ الفاظ کو سمجھے کا عمل پہلے اور ان کا استعمال بعد میں آتا ہے۔

اپنے پہلے لفظ کے بعد چلنا شروع کرنے والے بچے 100 کے قریب الفاظ جمع کر لیتے ہیں کسی بھی وقت استعمال کے لیے۔ پھر وہ آپ کو سنتے ہیں اور سیکھتے ہیں کے الفاظ کا ربط کیسے بنانا ہے۔ وہ چھوٹے جملوں میں دو الفاظ کو ملاتے ہیں۔ بعد میں وہ لمبے جملے ادا کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

ہوسکتا ہے کہ تین سال کی عمر تک بچے سمتی الفاظ جیسا کہ نیچے اور قریب اور سوالات جیسا کہ کہاں اور کیا سیکھ لیتے ہیں۔

## چھوٹے بچے

چار سال کے بچے جملوں کا استعمال شروع کر دیتے ہیں۔ وہ بہت سے الفاظ کا استعمال اور ادائیگی سیکھ لیتے ہیں اور وہ جو کرتے ہیں سب بتاتے ہیں۔ وہ بہت سے سوالات کرنا پسند کرتے ہیں اور دوسروں کی باتیں سننا انھیں اچھا لگتا ہے۔

ان کے لیے کچھ آوازیں مشکل ہوتی ہیں مگر بیشتر بالغ انھیں سمجھ لیتے ہیں۔ یہ سب ہنر بچوں کو سکول جانے کے لیے تیار کرتے ہیں۔

مزید تفصیلات یہاں سے حاصل کریں
www.talkingpoint.org.uk



# مدد گار مشورے

اپنے بچے کے ساتھ کھیلنا اور باتیں کرنا ان کے لیے اچھا ہوتا ہے اور اس سے آپکی زندگی بی آسان ہو جاتی ہے۔

## اپنے بچے کی توجہ حاصل کرنا

بچے کی جانب منہ کریں یا اس کے سات نیچے بیٹھیں۔ اس سے مخاطب ہونے سے پہلے اس کا نام لیں۔ کسی ایسی چیز کے بارے میں بات کریں جو آپ دونوں کے سامنے ہو۔ یہ اس کے لیے لفظ کا مطلب سمجھنے میں مددگار ہوگا۔

## ملکر مزہ لیں

حرکات کا استعمال کریں، گائیں، آوازیں بلند کریں اور چارے بگاڑیں۔ شرمائیں مت، تھوڑا بیوقوف بننا انکی توجہ حاصل کرتا ہے اور انھیں ہنساتا ہے۔

## تبصرے، سوالات نہیں

بہت سے سوال پوچھنا ایسے ہی ہے جیسے امتحان لیا جا رہا ہو۔ اسے گفتگو میں بدلیں۔ وہ جو کر رہے ہیں اور جو ہو رہا ہے اس پر تبصرہ کریں۔



## انھیں سوچنے کا وقت دیں
بچوں کو بالغوں کی نسبت یہ سمجھنے اور جواب دینے میں زیادہ وقت لگتا ہے کہ انہوں نے کیا سنا ہے۔ انھیں جواب دینے میں وقت دیں اور انتظار کرتے ہوئے انکی جانب دیکھیں۔

## آسان زبان استعمال کریں
اپنے جملے چھوٹے رکھیں۔ مثال کے طور پر "یہ کھانے کا وقت ہے" یا "واہ، تم ایک برج بنا رہے ہو"۔

## اپنا کہا دھرائیں
اپنی بات دہرانا اچھا ہوتا ہے۔ بچوں اور چلنے والی عمر کے بچوں کے لیے الفاظ اور جملوں کا بار بار دہرانا ضروری ہوتا ہے تاکہ وہ نئے الفاظ کو سمجھ اور سیکھ پائیں۔

## انکے لیے سننا آسان بنائیں
موسیقی، ریڈیو اور ٹی وی کا بند کرنا بچوں کی توجہ الفاظ پہ مرکوز کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔

## جو وہ کہتے ہیں اسی پہ مزید آگے چلیں
بچوں کے کہے ہوئے لفظوں میں مزید ایک دو الفاظ کا استعمال انھیں بولنے کی اگلی منزل تک لے جاتا ہے۔ اگر آپکا بچہ کہے "بس" آپ کہیں "بڑی بس"۔

## اپنی گھریلو زبان میں بات کریں
یہ بچوں کے لیے اہم ہے کہ وہ اپنی گھریلو زبان میں پہلے الفاظ اور جملے سیکھیں۔ آپکا بچہ بعد میں نرسری یا سکول میں انگریزی سیکھ لے گا۔

## ان کے لیے بات کرنا آسان بنائیں
چوسنیاں بات کرنے کے رستے میں آ سکتی ہیں۔ کوشش کریں کہ انھیں صرف سوتے وقت استعمال کیا جائے اور بات کرتے ہوئے نکال دیں۔

## انھیں سیدھا راستہ دکھائیں
چھوٹے بچے اکثر غلطی کرتے ہیں۔ انھیں یہ تاثر دیں کہ آپ ان کی بات سمجھ گئے ہیں بجائے اسکے کہ آپ انہیں صحیح بات دہرانے کا کہیں۔ اپنے بچے کے لیے دوبارہ وہ الفاظ یا جملہ دہرائیں۔ اگر وہ کہیں کہ "گتے کی طرف دیکھو" تو آپ کہہ سکتے ہیں "کتے کی طرف دیکھو"۔

## جو وہ کہیں اسکی نقل کریں
آوازوں، الفاظ اور جملوں کو دہرائیں۔ بیشک یہ "لا لا" ہو "او، تم نے کیلا پسند کیا؟"، یہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ آپ اس طرف متوجہ ہیں اور آوازیں، الفاظ بہت اہم ہیں۔

# باتیں کرنا سیکھنا مشکل ہوسکتا ہے

## کچھ بچوں کے لیے دوسرے بچوں کی نسبت باتیں کرنا اور سننا مشکل ہوتا ہے۔

ممکن ہے کہ ان کے لیے جملوں کے مطلب اور معنی سمجھنے مشکل ہوں جیسا کہ کچھ کوشش کرکے صحیح الفاظ اور آوازیں ڈھونڈنا اور انہیں ادا کرنا۔ ان کو زیادہ مدد کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

اگر آپ اپنے بچے کے لیے فکر مند ہوں تو ان لوگوں سے بات کریں جو آپ کے بچے کو جانتے ہیں۔ اس لیفلیٹ میں بیان کی گئی منزلیں آپ کی رہبری کریں گی یہ کافی سارے بچوں کے لیے درست ہیں۔ یاد رکھیں ہر بچہ مختلف ہے۔

اگر آپ ابھی بھی پریشان ہیں تو تو اپنے گمان کے ساتھ چلیں۔ اس سے بات کریں جو مدد کر سکتا ہے، مثال کے طور پر سپیچ اور لیگوج تھراپسٹ یا ہیلتھ ویسٹر یا جی پی۔

اس دوران مدد حاصل کرنے کے لیے
www.talkingpoint.org.uk کو دیکھیں تاکہ مزید اطلاعات مل سکیں۔


آپ اپنے بچے کے پہلے اور بہت اہم استاد ہیں۔ آپ جو مل کر کرینگے آپ کے بچے کے لیے مددگار ہوگا۔

www.talkingpoint.org.uk/talkinglinks کو دیکھیں تاکہ اپنے قریبی سپیچ اینڈ لینگویج تھراپسٹ کے متعلق معلومات حاصل کی جاسکیں یا پھر اپنے مقامی بچوں کے سنٹر سے پتہ کریں۔

# مددگار آئی کین کے ذرائع


آئی کین بچوں کے بولنے اور سننے کے ہنر کی بہتری کے لیے کام کرتا ہے۔ ہمارے پاس کچھ بہت اچھی ڈی وی ڈی اور کام کرنے والی کتابیں ہیں جو آپ کے لیے مددگار ہو سکتی ہیں:

## ببلنگ بیبیز





30 بہت ہی دل موہ لینے والی مشقوں کا پیک، خوبصورت تصاویر اور پائیدار کارڈ جنکے ساتھ کھیلا جا سکتا ہے پیدائش سے ۱۸ ماہ کی عمر کے بچوں کے لیے تا کہ انکی زبان، بول چال، اور رابطہ بہتر ہو سکے۔

## ٹوڈلر ٹالک




30 بہت ہی دل موہ لینے والی مشقوں کا پیک، خوبصورت تصاویر اور پائیدار کارڈ جنکے ساتھ کھیلا جا سکتا ہے 18 ماہ سے 3 سال کی عمر کے بچوں کے لیے تا کہ انکی زبان، بول چال ، اور رابطہ بہتر ہو سکے۔

## چیٹر میٹر





ایک مصروف رکھنے والی ڈی وی ڈی اس خیال کے ساتھ کہ یہ آپ کے بچے بولنے اور سننے کے ہنر کو بہتر بنائی گی اور ایک آواز کے پیچھے گانے کا دور تا کہ بچے اس کے ساتھ گا سکیں۔

## ریڈی سٹیدی تاک




ایک بہترین کام کرنے والی کتاب جسمیں بہت اچھے کھیل دیے گئے ہیں جو بچے کو پری سکول اور اسکے بعد کے لیے تیار کرتا ہے۔

## کمیونیکیشن کک بک




ایک کام کرنے والی کتاب جو خیالات اور مرکبات سے بھرپور ہے ان بچوں کے لیے کہ جنھوں نے ابھی سکول شروع کیا ہے۔

ان وسائل کا یہاں سے آرڈر دیں

**www.ican.org.uk/resources**

آئی کین بچوں کی بول چال کا خیراتی ادارہ ہے۔ ہم
سب بچوں کے بولنے اور سیکھنے کے عمل میں بہتری
لانے میں مدد کے لیے کام کرتے ہیں۔

آئی کین والدین کی کیسے مدد کر سکتی ہے جاننے کے لیے ملاحضہ کریں
**www.ican.org.uk/parents**

مزید مل کر بات کریں کے لیفلیٹ آرڈر کرنے کے لیے جایئے
**www.ican.org.uk/resources**

آئی کین سے مزید تفصیل حاصل کرنے کے لیے ہمارے معمول میں
جاری اخباری خط کے لیے اندراج یہاں کریں
**www.ican.org.uk/register**

اگر آپ آئی کین کی اور بچوں کی مدد کرنا چاہیں تو جایئے
**www.ican.org.uk/supportus**

I CAN
8 Wakley Street
London
EC1V 7QE
info@ican.org.uk

مزید تفصیلات کے لیے کال کریں
0845 225 4073 / 020 7843 2552

Language: Urdu
ISBN: 9781908173157

© I CAN 2011. Registered Charity Number: 210031